دیگر زبانوں میں www.AgeX.uk پر دستیاب

# AgeX آزمائش

## 50 سال سے کم یا 70 سال سے زیادہ کی عمر والی کچھ خواتین کو شامل کرنے کے لیے عمر کے دائرے میں توسیع کی آزمائش

## آپ کو یہ پرچہ کس لیے بھیجا جا رہا ہے؟

یوکے میں لگ بھگ 50 تا 70 سال کی خواتین کو عام طور پر ہر تین سال پر چھاتی کی اسکریننگ کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔

یہ پرچہ آپ کو ایک تحقیقی مطالعہ* کے بارے میں بتاتا ہے، جسے پورے انگلینڈ میں چھاتی کی اسکریننگ کے لیے معمول کے 50 تا 70 سال کی عمر کے دائرے سے تھوڑی کم یا زیادہ عمر والی خواتین میں اس کی توسیع کے خطرات اور فوائد کے سلسلے میں انجام دیا جارہا ہے۔

اگر آپ کی عمر 50 تا 70 سال ہے، اور آپ کو اس آزمائش میں حصہ لینے کے لیے مدعو نہیں کیا جا رہا ہے، لیکن آپ کو چھاتی کی معمول کی اسکریننگ پیش کی جا رہی ہے۔ آپ کو اس کتابچہ کو مزید پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

**اگر آپ کی عمر 50 سال سے کم ہے، یا اگر آپ 71 سال یا زیادہ عمر کی ہیں، تو ہم آپ کو اس آزمائش کے حصے کے طور پر اسکریننگ کے لیے مدعو کر رہے ہیں۔ مہربانی کرکے اس معلومات نامہ کو پڑھیں۔**

* انگلینڈ میں چھاتی کی اسکریننگ کی عمر کے دائرے میں توسیع کے لیے ملکی پیمانے پر گروہی بلاترتیب آزمائش:AgeX آزمائش (اسے پہلے Age Extension Trial (عمر میں توسیع کی آزمائش) کہا جاتا تھا، جس کو اخلاقیاتی کمیٹی سے اصل منظوری بحوالہ H0710/9/10 کے تحت ملی تھی، ساتھ ہی جاری اخلاقیاتی منظوری کی تصدیق 2018 میں کی گئی ہے)۔

## ہمیں آزمائش کی ضرورت کیوں ہے؟

اگرچہ ہم 50 تا 70 سال کے عمر والی خواتین پر چھاتی کی اسکریننگ کے اثرات کے بارے میں کافی زیادہ جانتے ہیں، تاہم 50 سال سے تھوڑی کم عمر یا 70 سال سے زیادہ کی عمر والی خواتین کے اثرات پر کافی ثبوت موجود نہیں ہیں۔ اس آزمائش میں ان تھوڑی کم عمر اور تھوڑی زیادہ عمر کی خواتین کی اسکریننگ (خاص طور پر، غیر جان لیوا کینسر کی تشخیص ہونا اور اس کا علاج کیا جانا) اور فوائد (خاص طور پر، زندگی بچنے کے امکانات) کی تشخیص کی جائے گی۔

آزمائش کی شروعات 2009 میں ہوئی اور ابھی بھی اس میں خواتین کی بھرتی ہو رہی ہے۔ اواخر 2018 تک آزمائش میں چار ملین خواتین شریک ہو چکی تھیں، اور اس میں اور بھی کافی خواتین شرکت کریں گی۔ تاہم، کم از کم وسط 2020 تک اس سے قابل اعتبار معلومات حاصل ہو جائیں گی، جیسا کہ منسلکہ بروشر ، 'NHS چھاتی کی اسکریننگ، فیصلہ کرنے میں آپ کی مدد' میں 50 تا 70 سال کی عمر والی خواتین کے لیے دکھایا گیا ہے۔ نتائج سے یوکے حکومت کو یہ فیصلہ کرنے میں مدد ملے گی کہ آیا معمول کی اسکریننگ کے لیے عمر کے دائرے کو بڑھایا جائے یا نہیں۔

## اگر آپ حصہ لینے پر آمادہ ہوتے ہیں تو کیا ہوتا ہے؟

ایسے علاقے میں جہاں آپ رہتے ہیں، ہم 47 تا 49 سال کی عمر کی نصف خواتین اور71 تا 73 سال کے عمر کی نصف خواتین کو منتخب کر رہے ہیں اور انہیں اسکریننگ کے لیے مدعو کر رہے ہیں۔ یہ خواتین کے گروپز (گروہ) کو بلاترتیب طور پر، سکہ اچھالنے کی طرح، تفویض کرکے کیا جاتا ہے، یا تو پورے گروپ کو اسکریننگ کے لیے مدعو کیا جاتا ہے، یا پورے گرپ کو مدعو نہیں کیا جاتا ہے۔ (ایک مخصوص گروہ میں چند درجن یا چند سو خواتین شامل ہو سکتی ہیں جو ایک دوسرے کے قریب رہتی ہوں۔)

پھر آئندہ سالوں میں مطالعہ اس بات کا موازنہ کر سکتا ہے کہ گروہ کی ان خواتین کے ساتھ کیا ہوتا ہے جنہیں اسکریننگ کے لیے مدعو کیا گیا تھا اور ان خواتین کے ساتھ کیا ہوتا ہے جنہیں مدعو نہیں کیا گیا تھا۔ دعوت قبول کرنے والی کسی عورت کی اسکریننگ معمول کے طریقے سے کی جائے گی۔

# امکانی خطرات اور فوائد

منسلکہ بروشر 'NHS چھاتی کی اسکریننگ، فیصلہ کرنے میں آپ کی مدد' اسکریننگ کے طریق کار کو بیان کرتا ہے اور 50 تا 70 سال کی عمر کی خواتین کی اسکریننگ کے خطرات اور فوائد پر گفتگو کرتا ہے۔ کم عمر یا زیادہ عمر کی خواتین کے لیے معتبر ہم قدر معلومات موجود نہیں ہیں، خاص طور پر طویل مدتی فوائد جو اسکریننگ کے ذریعہ حاصل کی جاتی ہے۔

اگرچہ وقت رہتے پتہ لگنے سے علاج اسان تر ہو جاتا ہے، تاہم زیادہ تر ایسی خواتین کو چھاتی کا کینسر نہیں ہوگا جنہیں مزید جانچوں کے لیے واپس آنے کو کہا جاتا ہے۔ کسی غیر ضروری علاج کے خطرے کا تعین کرنے کے لیے آزمائش میں تمام خواتین کو موصول تشخیصات اور معالجات کو ریکارڈ کیا جائے گا۔

50 سال کی عمر سے قبل، اسکریننگ کروانے والی ہر 200 خواتین میں سے لگ بھگ 15 کو مزید جانچوں کے لیے واپس آنے کو کہا جائے گا، لیکن اوسطاً ان میں سے لگ بھگ صرف ایک کو چھاتی کا کینسر پایا جائے گا۔ لہذا، 50 سال کی عمر سے قبل والے 200 اسکرینس میں سے لگ بھگ 1 میں چھاتی کا کینسر پایا جائے گا۔

70 سال کی عمر کے بعد، اسکریننگ کروانے والی ہر 200 خواتین میں سے لگ بھگ صرف 7 کو مزید جانچوں کے لیے واپس آنے کو کہا جائے گا، لیکن اوسطاً ان میں سے لگ بھگ دو میں ہی چھاتی کا کینسر پایا جائے گا۔ لہذا، 70 سال کی عمر کے بعد والے 200 اسکرینس میں سے لگ بھگ 2 میں چھاتی کا کینسر پایا جائے گا۔

بروشر بتاتا ہے کہ اسکریننگ سے، 50 تا 70 سال کی عمر کی پابندی کےساتھ اسکریننگ کروانے والی ہر 200 خواتین میں سے 1 چھاتی کے کینسر کے سبب ہونے والی موت سے بچ جاتی ہیں۔ چونکہ یو کے کی خواتین کو 50 اور 70 سال کی عمر کے درمیان لگ بھگ 7 اسکرینز کی پیشکش کی جاتی ہے، لہذا بروشر میں جو تعداد بتائی گئی ہے وہ فی 1400 اسکرینز میں لگ بھگ 1 موت روکنے کے مساوی ہے۔

البتہ، 50 سال سے قبل یا 70 سال کی عمر کے بعد ہر اسکرین کے لیے 1400 میں سے چھاتی کے کینسر کے سبب ہونے والی اموات کے 1 سے کچھ کم یا کچھ زیادہ امکانات ہیں۔ یہ آزمائش اس بارے میں قابل اعتبار معلومات فراہم کرنے کے لیے ہے کہ درحقیقت یہ امکانات کیا ہیں۔

## کن طبی ریکارڈوں کا استعمال کیا جائے گا؟
آپ کے اسکریننگ ریکارڈوں کو، آپ کے نام اور تاریخ پیدائش جیسی معلومات کا استعمال کرکے، ہسپتال کے داخلوں اور کینسر سے متعلق NHS ڈیجیٹل کے ذریعہ معمول کے مطابق اکٹھا کردہ ڈیٹا سے لنک کیا جائے گا۔ اس سے تحقیق کنندگان کو اضافی اسکریننگ کے خطرات اور فوائد کی تشخیص کا موقع ملے گا۔

تاہم، ایک بار لنک کرنے کے بعد، ان تمام ریکارڈوں کو گمنام بنا دیا جائے گا تاکہ انہیں استعمال کرنے والے تحقیق کنندگان کسی فرد کی شناخت نہیں کر سکیں گے۔ آکسفورڈ یونیورسٹی کی ایک تحقیقی ٹیم آزمائش اور ڈیٹا کا تجزیہ کرنے کا انتظام کر رہی ہے۔

## اگر آپ حصہ نہیں لینا چاہتی ہیں تو کیا ہوتا ہے؟
اگر آپ اس دعوت کو قبول نہیں کرنا چاہتی ہیں، تو براہ کرم اپنے مقامی بریسٹ کینسر اسکریننگ یونٹ کو بتادیں کہ آپ شرکت نہیں کر سکتیں۔ اگر آپ کی عمر 71 سال یا زیادہ ہے تو آپ کو معمول کی اسکریننگ کے لیے دوبارہ مدعو نہیں کیا جائے گا کیونکہ یہ 70 سال کی عمر پر بند ہو جاتی ہے، لیکن آپ اگر چاہیں تو اب بھی اسکریننگ کے لیے کہہ سکتی ہیں۔ اگر آپ کی عمر 50 سال سے کم ہے تو آپ کو اب بھی لگ بھگ 3 سال کی مدت پر معمول کی اسکریننگ کے لیے مدعو کیا جائے گا۔

## آپ اس آزمائش اور چھاتی کی اسکریننگ کے بارے میں مزید معلومات کہاں تلاش کر سکتی ہیں؟
مزید تفصیلات کے لیے www.AgeX.uk دیکھیں یا اپنے GP سے پوچھیں۔
www.AgeX.uk آزمائش، ڈیٹا کی رازداری، آزمائش کی معلومات کو کیسے رکھا اور استعمال کیا جاتا ہے، اور اگر آپ چاہیں تو کیسے دستبردار ہو سکتی ہیں، اس کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرتا ہے۔

NHS www.gov.uk/topic/population-screening-programmes/breast کی چھاتی کی اسکریننگ کے پروگرام کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرتا ہے۔

محکمۂ صحت اور سوشل کیئر کے ذریعہ فنڈ یافتہ

اس پرچے کی مزید کاپیوں کا آرڈر دینے کے لیے ملاحظہ کریں:
www.gov.uk/phe/screening-leaflets

PN1949443